سوال

(507)جب مقتدی کو یہ شک ہوکہ اس نے التحیات پڑھا ہے یا نہیں!

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

امام کے سلام پھیر دینے کے بعد مجھے یہ شک گزرا کہ میں نے التحیات پڑھا ہے یا نہیں تو اس حالت میں مجھے کیا کرنا چاہیے ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

عبادت کے بعد لاحق ہونے والے شک کا کوئی اعتبار نہیں کیونکہ عام طور پر انسان نماز کے واجبات وارکان کو ان کے مقام پر ادا کرتا ہی ہے۔ جب نماز کے دوران شک ہو تو یقین پر بنا کرتے ہوئے عبادت کےلئے محتاط طریقہ اختیار کیا جائے گا۔ لیکن فراغت کے بعد لاحق ہونے والا شک ناقابل التفات ہوگا۔ (شیخ ابن جبرین رحمة اللہ علیہ)

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

فتاویٰ اسلامیہ : جلد1

صفحہ نمبر 423

محدث فتویٰ